تنقیدات

علیٰ

مطبوعات

مُصنّف

صاحبزادہ اقتدار احمد خان نعیمی قادری بدایونی

نعیمی کتب خانہ

مفتی احمد یار خان روڈ گجرات پاکستان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تنقیدات

علیٰ

مطبوعات

مصنف

اقتدار بدایونی۔ قادری

ملنے کا پتہ

نعیمی کتب خانہ مفتی احمد یار خان روڈ گجرات پاکستان

سوگند۔ مجھے عشقِ رسولِ عربی ہے ٭ اب سوگند کی نسبت عشق کی طرف نہ ہوگی قسم مطلق ہوگی، جس طرح عام کہا جاتا ہے۔ قسم سے میں نے ایسا نہیں کیا۔

سوال نمبر ۹:۔ اقبال مرحوم لکھتا ہے۔

خیرہ نہ کرسکی مجھے نیرنگیٔ فرنگ ٭ سرمہ تھا میری آنکھ کا خاکِ مدینہ و نجف کیا یہ صحیح ہے۔

جواب:۔ قطعاً جھوٹ ہے خیرہ کرنا اور کس کو کہتے ہیں چال انگریزی ڈھال انگریزی ساری عمر تعریف انگریزی شکل وصورت لباس انگریزی سفر وحضر تعلیم انگریزی جتنا خیرہ اقبال ہوا اتنا تو کوئی نہ ہوا نیز یہ سرمہ اقبال کو ملا کہاں سے جب کہ اقبال نے فرنگ کے لیے سترہ سفر کئے مگر مدینہ و نجف کی طرف منہ تک نہ کیا صرف مسلمانوں کو خوش کرنے کے لیے ایک شعر کہہ دیا۔

سوال نمبر ۱۰:۔ صاحبزادہ غلام نصیر الدین گولڑوی محترم نے ایک کتاب لکھی ہے جو غزلیات پر مشتمل ہے اس کا نام پیامِ شب ہے اس کے آخری صفحہ پر لکھا ہے تخلیقات یعنی صاحبزادہ صاحب کی شاعری کو ان کی تخلیقات قرار دیا گیا ہے۔ کیا یہ کہنا درست ہے اسی طرح اپنی و دیگر مصنفین کی تصنیفات کو بھی تخلیقات کہتے ہیں۔

جواب: شریعت کے احکام سے ناواقفی کی بنا پر یہ غلطیاں سرزد ہوتی ہیں اور اب تو یہ فیشن بن چکا ہے قائدِ اعظم محمد علی جناح کو خالقِ پاکستان کہہ دیا جاتا ہے شاعر کو خالقِ اشعار کہہ دیا جاتا ہے لفظ تخلیقات کا استعمال بھی انہیں معنیٰ میں لیا گیا ہے۔ حالانکہ اللہ جل مجدہٗ کے سوا کسی کو خالق کہنا حرام ہے اور کسی طرف خلقیت کی نسبت کرنا گناہِ کبیرہ